SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

January 16, 2017

ایس ای سی پی کے سی آر اوز ہفتے کے روز بھی کھلے رہا کریں گے

اسلام آباد،۱۶ جنوری: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے کمپنی رجسٹریشن دفاتر (سی آر اوز)یکم فروری ۲۰۱۷ سے ہر ہفتے(Saturday) کے روز صبح نو بجے سے دوپہر ایک بجے تک کھلے رہیں گے۔ یہ اقدام نام کی دستیابی، نئ کمپنی کی تشکیل اور سٹیچٹوری رٹرنز جمع کرانے کے حوالے سے رہنمائی/سہولت فراہم کرنے کے لئے اٹھایا گیا ہے۔ یہ سہولت انکارپوریشن اور فیسیلی ٹیشن ونگ کے افسران ذمہ دار شخص یا جوائنٹ رجسٹرار کی نگرانی میں فراہم کریں گے۔

اسی طرح، کراچی اور لاہور کے کمپنی رجسٹریشن دفاتر بھی عوام الناس کی سہولت کے لئے ہر ہفتے(Saturday) کے روز صبح نو بجے سے دوپہر ایک بجے تک کھلے رہیں گے۔

اس اقدام کا مقصد کاروباری آرگنائزیشن کی کارپوریٹ شکل کے اختیار میں سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی، تعمیل کی شرح میں اضافہ اور کاروبار کی انجام دہی کے اخراجات میں کمی لانا ہے۔ یہ اقدام حکومت کو کاروباری شعبے کی باضابطگی اور معیشت کی دستاویزکاری کے حصول میں مدد دے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254